## سوال

(47) گاہک مال بھول کر چلا جاوے تو مال کا کیا کیا جائے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر دکان میں کوئی اجنبی گاہگ مال خریدنے آئے ۔ اور قیمت دے جائے ۔ یا دوسری دکان سے خرید کرلایا ہو۔ اور مال بھول کر چلا جاوے ۔ اور نہ معلوم ہو کہ وہ کہاں کا رہنے والا تھا ۔ تو اب اس کے بھولے ہوئے مال اور چیز کا کیا کیا جائے ۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بھولی چیز لُقطہ ہے ۔ ایک سال تک اسی مالک کا انتظار کیا جاوے ۔ نہ آوے تو اس کو پہچان کر استعمال کر لو۔ کبھی اس کا مالک آجاوے تو اس کی قیمت دے دو۔

(فتاویٰ ثنائیہ ۔ جلد ۲ ۔ ص ۲۲۰)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14